# بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان، اسلام آباد

عنوان:۔ درخواست برائے اعتراضات بابت حلقہ NA-85،PP-65 وحلقہ NA-86،PP97

جنابِ عالی!

سائل/درخواست دہندہ حسبِ ذیل عرض گزار ہے۔

۱۔ یہ کہ سائل گاؤں سوہاوہ دلوآنہ، یونین کونسل سوہاوہ دلوآنہ تحصیل وضلع منڈی بہاؤالدین کا مستقل رہائشی ہے اور یونین کونسل سوہاوہ دلوآنہ کا ووٹر ممبر ہے۔

۲۔ یہ کہ سائل، اس کی فیملی اور آباؤاجداد کا قیام پاکستان سے لیکر الیکشن 2013 تک حلقہ برائے قومی اسمبلی NA-108 اور برائے صوبائی اسمبلی PP-120 تھا۔

۳۔ یہ کہ اب چونکہ نئی حلقہ بندیاں ہوئی ہیں جس میں سائل/درخواست دہندہ کے گاؤں کے 2 حصوں کو جس میں سوہاوہ بولانی اور سوہاوہ جملانی شامل ہیں کو حلقہ NA-85، PP-65 اور سائل کے گاؤں کے تیسرے حصے کو دوسرے حلقے NA-86، PP-67 میں ڈال دیا ہے جو کہ سائل، اسکی فیملی اور گاؤں کی آبادی کے ساتھ سخت ناانصافی ہے۔

۴۔ یہ کہ پورے گاؤں کی آبادی اکھٹی ہے اور جڑی ہوئی ہے راستے اور گلیاں مشترکہ ہیں اور تمام برادری ایک بزرگ کی اولاد ہے اور ایک ہی برادری ہے۔ لہٰذا سائل کے گاؤں کے ایک حصہ کو علیحدہ کرنا الیکشن رولز اور قانون کی صریحاً خلاف ورزی ہے اور یہ تقسیم Totally unnatural ہے۔

۵۔ یہ کہ سوہاوہ گاؤں کے ایک حصہ سوہاوہ دلوآنہ کو سوہاوہ بولانی اور سوہاوہ جملانی کا حصہ سمجھتے ہوئے اس کا حلقہ NA-85 اور PP-65 میں شامل کرنا انتہائی ضروری از قرین انصاف ہے۔

۶۔ یہ کہ سائل کے گاؤں سوہاوہ دلوآنہ کو سوہاوہ بولانی اور سوہاوہ جملانی کے ساتھ اکھٹا حلقہ NA-85 اور PP-65 میں شامل کرنا انتہائی آسان اور Natural ہے جس کے بارے میں سائل کی مندرجہ ذیل تجویز پر غور کرتے ہوئے تبدیلی ممکن اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہے۔

## تجویز

یہ کہ سائل کے گاؤں کے قریب گاؤں مانگٹ جس کو حلقہ NA-85 اور PP-65 میں شامل کیا ہے کو حلقہ NA-86 اور PP-67 میں شامل کیا جائے جس کا اس حلقے میں ہونا بھی Natural اور وہاں کی آبادی کے مفاد میں ہے اور سائل کے گاؤں سوہاوہ دلوآنہ کو NA-86 اور PP-67 سے نکال کر اس کے گاؤں کے دوسرے حصوں بولانی اور سوہاوہ جملانی کے ساتھ ملاتے ہوئے حلقہ NA-85 اور PP-65 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہے۔

اندریں حالات جناب سے استدعا ہے کہ سائل/درخواست دہندہ کے اعتراضات کو منظور فرماتے ہوئے سائل کا گاؤں سوہاوہ دلوآنہ کو NA-86 اور PP-67 سے نکال کر اس کے دوسرے گاؤں کے حصوں سوہاوہ بولانی اور سوہاوہ جملانی سے ملاتے ہوئے حلقہ NA-85 اور PP-65 میں شامل کیا جائے تا کہ انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں۔

العارض

محمد نواز ولد لال خان
ساکن ڈاکخانہ سوہاوہ بولانی، سوہاوہ دلوآنہ
تحصیل ضلع منڈی بہاؤالدین

شماریاتی بلاک کوڈ
175020902
338 سلسلہ نمبر
انتخابی حلقہ سوہاوہ دلوآنہ
ضلع منڈی بہاؤالدین

بذریعہ کونسل
شیراز احمد رانجھا
ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
0300-5194158